29-08-2024

13.50

Opening- HL

آداب.........یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

---------------------------

1 جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔

2 گجرات میں سیلاب کی تباہ کاری کے بعد بچاؤ اور امدادی کارروائی جاری ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے وزیراعلیٰ بھوپندر پٹیل سے بات کی ہے اور مرکز کی جانب سے ہرممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔

3 جموں وکشمیر میں علیحدہ علیحدہ تصادم میں تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے ہیں۔

4 قومی تحقیقاتی ایجنسی نے وشاکھاپٹنم جاسوسی معاملے میں ملک بھر میں چھاپے کی کارروائی انجام دی ہے۔

5 مرکز نے GIFT-IFSC میں بھارتی کمپنیوں کی جانب سے تمسکات کو براہِ راست شامل کئے جانے میں سہولت کی خاطر ضابطوں میں ترمیم کی ہے۔

6 اور آج کھیلوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے کہ زیادہ سے زیادہ نوجوان کھیلوں کو اپنائیں اور اپنا مستقبل روشن کریں۔

---------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے

J&K Notification

انتخابی کمیشن نے جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن آج جاری کردیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 5 ستمبر ہے جبکہ ان کی جانچ پڑتال کا کام اگلے روز کیا جائے گا۔ 9 ستمبر تک نام واپس لیے جاسکتے ہیں۔ اس مرحلے کے تحت ووٹنگ 25 ستمبر کو ہوگی۔ اس مرحلے میں چھ ضلعوں میں پھیلی 26 اسمبلی سیٹوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ ضلعے ہیں گاندھربل، سری نگر، بڈگام، راجوری، پنچھ اور ریاسی۔ انتخابات کے نتائج کا اعلان 4 اکتوبر کو کیا جائے گا۔

## Rev IMD Weather

گجرات میں وسطی اور جنوبی خطوں میں بارش کے زور میں نمایاں طور پر کمی آئی ہے لیکن سوراشٹر اور کچھ میں ہلکی سے اوسط بارش جاری ہے۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں بچاؤ اور راحت کارروائی زوروشور سے جاری ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے آج ریاست کے وزیراعلیٰ بھوپندر پٹیل سے ٹیلی فون پر بات کی اور سیلاب سے متاثرہ خطوں میں امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ریاستی انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ سیلاب متاثرہ علاقوں میں معمولات زندگی بحال کرنے کی خاطر صفائی ستھرائی اور صحت عامہ کے کاموں میں تیزی لائیں۔ وزیراعظم نے مرکز کی جانب سے ہرممکن مدد کا بھی یقین دلایا۔ ہمارے نامہ نے خبر دی ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پانچ دنوں کیلئے صفائی ستھرائی کے کاموں کو انجام دینے کیلئے صحت سے متعلق کم از کم 35 ٹیمیں روانہ کی گئی ہیں۔

کچھ اور سوراشٹر خطے کے دیوبھومی، دوارکا، پوربندر اور راجکوٹ جیسے کچھ اضلاع کو چھوڑ کر ریاست کے زیادہ تر حصوں میں بارش کی شدت میں نمایاں کمی آئی ہے۔ تاہم وڈودرا شہر کے Akota علاقے کے مختلف حصے اب بھی زیرآب ہیں اور امدادی کارروائی زوروشور سے جاری ہے۔

اِس دوران دلی کے مختلف حصوں اور اس سے متصل علاقوں میں رات بھر اوسط سے تیز بارش ہوئی۔ اس کے سبب مختلف مقامات پر پانی بھر جانے کے سبب ٹریفک متاثر ہوا۔

## Earthquake Delhi NCR

دلی اور اُس کے قرب وجوار کے علاقے میں آج صبح پانچ اعشاریہ سات شدت کا زلزلہ آیا۔ زلزلے سے متعلق قومی سینٹر کے مطابق زلزلے کا مرکز افغانستان میں تھا۔ کسی جانی یا مالی نقصان کی اب تک کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔

## Bihar Flood

بہار میں سیلاب کی صورتحال بدستور سنگین بنی ہوئی ہے اور مختلف مقامات پر گنگا، گندک، کوسی اور مہانندا سمیت کئی دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔ کھگریا، بھاگلپور اور کٹیہار میں کچھ اور علاقے سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں۔ نیپال سے بہنے والے دریاؤں کے نشیبی علاقوں میں شدید بارش کے سبب سیلاب سے کوئی راحت نہیں ملی ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ 24 گھنٹے کے لیے شمالی بہار کے مختلف علاقوں میں الرٹ جاری کیا ہے۔

## Rev. J&K Encounter

جموں وکشمیر کے کپواڑہ ضلع میں حفاظتی دستوں کے ساتھ دو الگ جھڑپوں میں تین دہشت گرد مارے گئے۔ دہشت گردوں کی مشتبہ نقل وحرکت کے بعد حفاظتی اہلکاروں کی جانب سے ایک مشترکہ کارروائی کے دوران یہ تصادم ہوا۔ حفاظتی دستوں اور دہشت گردوں کے درمیان ایک دوسری جھڑپ کل رات راجوری ضلع میں اُس وقت ہوئی جب فوجی اہلکاروں نے دہشت گردوں کی مشتبہ نقل وحرکت کے بعد محاصرے اور تلاش کی کارروائی شروع کی۔باور کیا جاتا ہے کہ Khawas Tehsil کے Kheri Mohra Lathi-Dhanthal علاقے میں دو سے تین دہشت گرد چھپے ہوئے ہیں۔ اضافی فورسز علاقے کے لیے روانہ کردی گئی ہیں۔

اِس دوران حفاظتی دستوں نے تلاش کی کارروائی کے دوران پُنچھ ضلع میں ایک خفیہ ٹھکانے کا پتہ لگایا اور جنگلاتی علاقے میں کئی ہتھیار برآمد کیے۔Dachi Top Sheendra علاقے میں ایک قدرتی گپھا سے 6 ہینڈگرینیڈ برآمد کیے گئے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

## NIA Espionage

پاکستان کی قیادت والے وشاکھاپٹنم جاسوسی معاملے میں بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے قومی تفتیشی ایجنسی NIA نے کل ملک کے مختلف مقامات پر تلاشی لی۔ NIA کے مطابق گجرات، کرناٹک، کیرالا، تلنگانہ، اترپردیش، بہار اور ہریانہ میں 16 ٹھکانوں پر تلاشی کی کارروائی کی گئی۔ NIA کی ٹیم نے جن ٹھکانوں کی تلاشی لی ہے وہ اُن مشتبہ افراد سے وابستہ ہیں جنہوں نے بھارت میں جاسوسی کی سرگرمیاں انجام دینے کی غرض سے پاکستان سے رقم حاصل کی تھی۔ NIA نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تلاشی کے دوران 22 موبائل فون اور کئی حساس دستاویزات ضبط کیے گئے۔ اس معاملے کا تعلق بھارتی بحریہ سے متعلق حساس معلومات کے افشا کیے جانے سے ہے جو سرحد کے اُس پار سے بھارت مخالف سازش رچے جانے کا ایک حصہ ہے۔

NIA نے گزشتہ برس ایک مفرور پاکستانی شہری Meer Balaj Khan سمیت دو ملزموں کے خلاف فردجرم داخل کی تھی۔ چھان بین سے پتہ چلا تھا کہ میربلاج خان گرفتار کیے گئے ایک ملزم آکاش سولنکی کے ساتھ جاسوسی کے ریکیٹ میں شامل رہا ہے۔ گزشتہ برس نومبر میں NIA نے دیگر دو ملزموں منموہن سریندر Panda اور Alven کے خلاف ایک ضمنی چارج شیٹ داخل کی تھی۔ Panda کو گرفتار کرلیا گیا ہے جبکہ پاکستانی انٹیلی جنس کا کارندہ Alven فرار ہے۔ NIA نے اِس سال مئی میں ایک اور ملزم Amaan Salim شیخ کے خلاف دوسری ضمنی چارج شیٹ داخل کی تھی جو پاکستانی انٹیلی جنس کے کارندوں کے ساتھ ساز باز کرتا تھا۔

## Finance Gift

وزارت خزانہ نے بھارتی کمپنیوں کی جانب سے تمسکات کو براہ راست شامل کیے جانے میں آسانی پیدا کرنے کی غرض سے 1956 کے Securities Contracts Regulation ضابطوں میں ترمیم کی ہے۔

وزارت خزانہ کے مطابق نئی ترمیمات سے ابھرتی ہوئی صنعتوں اور ٹکنالوجی کے شعبوں میں بھارتی اسٹارٹ اَپس اور کمپنیوں کے لیے عالمی سرمایے کا حصول آسان ہوجائے گا۔ اس سے بھارتی کمپنیوں کو دوسری منڈیوں میں رسائی حاصل کرنے میں بھی سہولت ہوگی۔ وزارت نے اِس سلسلے میں کل ایک Gazette نوٹیفیکیشن جاری کیا ہے۔

## UPSC Aadhar

حکومت نے یونین پبلک سروس کمیشن کو رضاکارانہ طور پر آدھار پر مبنی تصدیق کے عمل کے ذریعہ امیدواروں کی شناخت کی تصدیق کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس کی اجازت رجسٹریشن کے وقت اور امتحان اور Recruitment سے متعلق مختلف مراحل کے درمیان دی گئی ہے۔ یہ فیصلہ پوجا کھیڈکر کی عارضی امیدواری کو ختم کرنے اور مستقبل میں ہونے والے تمام امتحانات میں بیٹھنے پر پابندی لگانے کے بعد آیا ہے کیونکہ انہوں نے سول سروسز کے امتحان میں اپنی جعلی شناخت کا استعمال کرتے ہوئے غلط طریقے سے اہلیت سے زیادہ بار امتحان دئیے تھے۔

## Bangladesh - Ban

بنگلہ دیش میں پروفیسر محمد یونس کی زیرِ قیادت عبوری سرکار نے جماعتِ اسلامی اور اُس کی طلباء شاخ 'اِسلامی چھاتر شِوِر' پر عائد پابندی ہٹالی ہے۔ وزارتِ داخلہ نے اِس سلسلے میں ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔

اِس کے مطابق مذکورہ فیصلے کا اطلاق فوری طور پر ہوگیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے تعلق سے مذکورہ تنظیم کے خلاف کوئی مخصوص شواہد نہیں ہیں۔

اِس سے پہلے اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو عوامی لیگ کی زیرِ قیادت سابقہ سرکار نے 2009 کے دہشت گردی مخالف ایکٹ کے تحت جماعت اسلامی، چھاتر شِوِر اور اُس سے وابستہ سبھی تنظیموں پر پابندی عائد کردی تھی۔

## National Sports Day

آج کھیلوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ ہاکی کے ممتاز کھلاڑی میجر دھیان چند کے یومِ پیدائش کی یاد میں یہ دن ہر سال 29 اگست کو منایا جاتا ہے۔

اس موقعے پر مبارکباد دیتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ حکومت کھیلوں کو فروغ دینے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے کہ زیادہ سے زیادہ نوجوان کھیلوں کو اپنائیں اور اپنا مستقبل روشن کریں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک آج بھارت کے سرکردہ ہاکی کھلاڑی میجر دھیان چند کو خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ موقع اُن سبھی افراد کی ستائش کرنے کا ہے جنہوں نے کھیلوں میں ملک کا نام روشن کیا ہے اور جو کھیلوں کے تئیں پرجوش ہیں۔

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج صب نئی دلی میں میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں میجر دھیان چند کو عقیدت کے پھول نذر کیے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ ملک کے شہریوں کو صحتمند اور تندرست رہنا چاہیے۔

وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ ایک صحتمند شہری ایک صحتمند معاشرہ بناتا ہے اور ایک صحتمند معاشرے سے خوشحال ملک بنتا ہے۔

ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ سبھی لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنی مصروفیات سے ایک گھنٹہ نکال کر اپنی دلچسپی کا کوئی ایک کھیل کھیلیں اور تندرست رہیں۔

اِس سے پہلے ڈاکٹر مانڈویا نے سبھی شہریوں سے یہ پُرزور اپیل کی کہ وہ کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر کم از کم ایک گھنٹے کسی بھی ایسے کھیل میں حصہ لیں، جو گھر سے باہر کھیلا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کو ایک صحتمند ملک بنانا وزیر اعظم نریندر مودی کا خواب ہے اور اس لیے انھوں نے یہ نعرہ دیا ہے: ’’کھیلے گا اِنڈیا، تبھی تو کِھلے گا اِنڈیا‘‘

## Paralympic Games

پیرالمپک گیمس2024 کا باضابطہ افتتاح پیرس میں ایک شاندار افتتاحی تقریب کے ساتھ ہوگیا ہے۔ فرانس کے صدر ایمینوئل میخاں نے ایک رنگا رنگ تقریب کے دوران ان کھیلوں کے آغاز کا اعلان کیا۔167 ممالک کی نمائندگی کرنے والے کُل 4 ہزار 400 پیرالمپئن نے پریڈ میں حصہ لیا۔

ٹوکیو2020 میں نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے Sumit Antil اور عالمی ریکارڈ یافتہ، ٹیبل ٹینس کھلاڑیBhagyashri جادھو نے بھارتی دستے کی قیادت کی۔

پیرالمپکس 2024 میں 84 بھارتی پراایتھلیٹ اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔

پیرالمپک تاریخ میں یہ بھارت کا سب سے بڑا دستہ ہے۔ بھارت طے شدہ 22 کھیلوں میں سے 12 میں مقابلے کرے گا۔

بھارتی کھلاڑی آج سے تیر اندازی، سائکلنگ Taekwondo، تیراکی اور ٹیبل ٹینس میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

ایتھلیٹکس کا آغاز کل سے ہوگا، جس میں 38 بھارتی، ایتھلیٹ حصہ لیں گے۔اس کھیل میں سب کی نظریں نیز پھینکنے والے Sumit Antil اور ٹیبل ٹینس کھلاڑی Bhavina Patel پر ہوں گی۔

پیرس پیرالمپکس کھیل مقابلے، اختتامی تقریب کے ساتھ 9ستمبر کو ختم ہوجائیں گے۔

---------------------------